احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 22 دسمبر 2008ء

روزنامہ
الفضل
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 22 دسمبر 2008ء 23 ذوالحج 1429 ہجری 22 فتح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 288

اللہ تجھے تقویٰ عطا کرے

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بوقت الوداع رسول اللہ ﷺ کی یہ دعا بیان کی ہے۔

اللہ تعالیٰ تجھے تقویٰ کا زادِ راہ عطا کرے۔ اللہ تیرے گناہ تجھے بخشے اور جہاں بھی تو ہو تیرے لئے خیر آسان کردے۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب مایقول اذا ودع انساناً حدیث نمبر:3366)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

پہلا مرحلہ یہ ہے کہ انسان تقویٰ اختیار کرے۔ میں اس وقت برے کاموں کی تفصیل بیان نہیں کرسکتا۔ قرآن شریف میں اول سے آخر تک اوامر اور نواہی اور احکام الٰہی کی تفصیل موجود ہے۔ اور کئی سو شاخیں مختلف قسم کے احکام کی بیان کی ہیں۔ خلاصۃً یہ کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کو ہرگز منظور نہیں کہ زمین پر فساد کریں۔ اللہ تعالیٰ دنیا پر وحدت پھیلانا چاہتا ہے۔ لیکن جو شخص اپنے بھائی کو رنج پہنچاتا ہے۔ ظلم اور خیانت کرتا ہے' وہ وحدت کا دشمن ہے۔ جب تک یہ بدخیال دل سے دور نہ ہوں کبھی ممکن نہیں کہ سچی وحدت پھیلے۔ اس لئے اس مرحلہ کو سب سے اول رکھا۔

تقویٰ کیا ہے؟ ہر قسم کی بدی سے اپنے آپ کو بچانا۔ پس خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ ابرار کے لئے پہلا انعام شربت کافوری ہے۔ اس شربت کے پینے سے دل برے کاموں سے ٹھنڈے ہوجاتے ہیں۔ اس کے بعد ان کے دلوں میں برائیوں اور بدیوں کے لئے تحریک اور جوش پیدا نہیں ہوتا۔ ایک شخص کے دل میں یہ خیال تو آجاتا ہے کہ یہ کام اچھا نہیں یہاں تک کہ چور کے دل میں بھی یہ خیال آہی جاتا ہے مگر جذبۂ دل سے وہ چوری بھی کرہی لیتا ہے۔ لیکن جن لوگوں کو شربت کافوری پلا دیا جاتا ہے ان کی یہ حالت ہو جاتی ہے کہ ان کے دل میں بدی کی تحریک ہی پیدا نہیں ہوتی بلکہ دل برے کاموں سے بیزار اور متنفر ہو جاتا ہے۔ گناہ کی تمام تحریکوں کے مواد دبا دیئے جاتے ہیں۔ یہ بات خدا تعالیٰ کے فضل کے سوا میسر نہیں آتی۔ جب انسان دعا اور عقد ہمت سے خدا تعالیٰ کے فضل کو تلاش کرتا ہے اور اپنے نفس کے جذبات پر غالب آنے کی سعی کرتا ہے تو پھر یہ سب باتیں فضل الٰہی کو کھینچ لیتی ہیں اور اسے کافوری جام پلایا جاتا ہے۔ جو لوگ اس قسم کی تبدیلی کرتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں زمرۂ ابدال میں داخل فرماتا ہے۔ اور یہی تبدیلی ہے جو ابدال کی حقیقت کو ظاہر کرتی ہے۔

یہ بھی عموماً دیکھا گیا ہے کہ اکثر لوگ ایک مجلس میں بیٹھے ہوئے جب اس قسم کی باتوں کو سنتے ہیں تو ان کے دل متاثر ہو جاتے ہیں اور وہ اچھا بھی سمجھتے ہیں۔ لیکن جب اس مجلس سے الگ ہوتے ہیں اور اپنے احباب اور دوستوں سے ملتے ہیں تو پھر وہی رنگ ان میں آجاتا ہے اور ان سنی ہوئی باتوں کو یکدم بھول جاتے ہیں اور وہی پہلا طرزِ عمل اختیار کرتے ہیں۔ اس سے بچنا چاہئے۔ جن صحبتوں اور مجلسوں میں ایسی باتیں پیدا ہوں ان سے الگ ہو جانا ضروری ہے اور ساتھ ہی یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ ان تمام بری باتوں کے اجزاء کا علم ہو۔ کیونکہ طلب شیئے کے لئے علم کا ہونا سب سے اول ضروری ہے۔ جب تک کسی چیز کا علم نہ ہو اُسے کیونکر حاصل کر سکتے ہیں۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 655)

یتیم بچے قوم کی قیمتی امانت

حضرت مصلح موعود یتامیٰ کے تعلق میں فرماتے ہیں۔

''پھر اس لئے بھی وہ محبت اور حسن سلوک کے مستحق ہوتے ہیں کہ وہ اپنے والدین کے سایہ عاطفت سے بچپن میں محروم ہو جاتے ہیں اور اس وجہ سے وہ قوم کی ایک قیمتی امانت ہوتے ہیں اگر ان کی صحیح نگرانی کی جائے، ان کی تعلیم و تربیت کا انتظام کیا جائے، ان کو آوارگی سے محفوظ رکھا جائے تو وہ قوم کا ایک مفید وجود بن جاتے ہیں اور نہ صرف ان کی اپنی زندگی سنور جاتی ہے بلکہ وہ دوسروں کی زندگیوں کو بھی سنوارنے والے بن جاتے ہیں۔'' (تفسیر کبیر جلد دوم صفحہ 7)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ کے زیر کفالت ہزاروں بچے پرورش پا کر اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے نمایاں عہدوں پر فائز ہوئے۔ ان میں سے بعض نے یونیورسٹیز میں ٹاپ کیا۔ ان بچوں کی دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیتی نگرانی بھی کی جاتی ہے اس وقت تقریباً 2500 بچے کمیٹی کے زیر کفالت پرورش پا رہے ہیں۔ جن کی تمام ضروریات کا خیال رکھا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کفالت کرنے والوں کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

(سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

☆......☆......☆

گاڑی برائے فروخت

۞ ایک عدد گاڑی Toyota Corolla 2.0D ڈیزل ماڈل 2001ء سفید رنگ، لاہور رجسٹریشن جماعتی ادارہ کے زیر استعمال فروخت کرنا مقصود ہے۔ خواہشمند احباب حسب ذیل نمبر پر مکرم رفیق مبارک میر صاحب سے رابطہ کریں۔

0300-7704616

۞ ایک عدد گاڑی Toyota Corrolla 2.0D ڈیزل ماڈل 2002ء سفید رنگ اچھی حالت میں جماعتی ادارہ کے زیر استعمال فروخت کرنا مقصود ہے۔ خواہشمند احباب حسب ذیل فون نمبر پر مکرم فرید الرحمٰن احمد صاحب سے رابطہ کریں۔

موبائل: 0346-5018365

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح

مکرمہ فرحت طارق صاحبہ اہلیہ مکرم پروفیسر طارق بشیر صاحب دارالنصر وسطی ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

خاکسار کے بھانجے مکرم سلیمان احمد نعیم صاحب ابن مکرم داؤد احمد نعیم صاحب زعیم اعلیٰ مجلس انصاراللہ پشاور روڈ راولپنڈی کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ نجمہ سطوت صاحبہ بنت مکرم بشارت احمد صاحب مرحوم جرمنی مبلغ ڈیڑھ لاکھ روپے حق مہر پر مکرم منصور احمد صاحب عمر مربی سلسلہ نے مورخہ 17 /اکتوبر 2008ء کو بیت التوحید راولپنڈی میں کیا۔ مکرم سلیمان احمد نعیم صاحب مکرم محمد احمد نعیم صاحب مرحوم مربی سلسلہ کے پوتے اور مکرمہ نجمہ سطوت صاحبہ حضرت غلام علی صاحب راجیکی رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ وہ اس رشتہ کو جانبین کیلئے باعث برکت بنائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم طاہر محمود احمد صاحب مربی سلسلہ نظارت اشاعت تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی والدہ محترمہ ہاجرہ صدیقہ صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب دارالنصر غربی اقبال ربوہ مورخہ 14 دسمبر 2008ء کو بعمر 86 سال وفات پاگئیں۔ آپ کی نماز جنازہ مورخہ 15 دسمبر 2008ء کو احاطہ صدر انجمن احمدیہ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے پڑھائی۔ آپ موصیہ تھیں۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم یوسف سلیم صاحب صدر محلّہ دارالنصر غربی اقبال ربوہ نے دعا کروائی۔ آپ خاندان میں اکیلی احمدی تھیں آپ نے 17 سال کی عمر میں لٹریچر پڑھ کر اور ایک خواب کی بنا پر احمدیت قبول کی ابتداء میں ہی نظام وصیت میں شامل ہوئیں۔ مشکلات کا دور بڑے صبر اور تحمل سے گزارا۔ آپ صوم و صلوٰۃ کی پابند، دعا گو، ہمدرد اور اکثر اوقات قرآن کریم پڑھا کرتی تھیں۔ جب تک صحت نے اجازت دی محلّہ میں لجنہ اماء اللہ کے کام بھی کرتی رہیں اور وقف عارضی بھی کرتیں اور چندہ جات بھی بروقت ادا کرتیں۔ آپ نے اپنے پسماندگان میں 4 بیٹے مکرم بشارت الرحمٰن صاحب، مکرم کرامت الرحمٰن صاحب واقف زندگی، مکرم صداقت الرحمٰن صاحب خاکسار، تین بیٹیاں مکرمہ مومن منیرہ صاحبہ، مکرمہ صالحہ کوثر صاحبہ اور مکرمہ طیبہ بشریٰ صاحبہ چھوڑی ہیں۔ ایک بیٹے مکرم قدرت الرحمٰن صاحب آپ کی زندگی میں وفات پاگئے تھے۔

احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم آصف توحید صاحب مربی سلسلہ وکالت تبشیر ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے چھوٹے بھائی مکرم چودھری ثاقب توحید صاحب ابن مکرم چوہدری عبدالتوحید صاحب بدوملہی حال کوارٹر تحریک جدید ربوہ مورخہ 14 دسمبر 2008ء کو بعمر 21 سال بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ ان کی نماز جنازہ مورخہ 14 دسمبر 2008ء کو بعد نماز مغرب محترم چوہدری اللہ بخش صادق صاحب صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ نے پڑھائی اور عام قبرستان میں تدفین کے بعد مکرم اللہ بخش صادق صاحب نے ہی دعا کروائی۔ مرحوم نے پسماندگان میں تین بھائی اور ایک بہن چھوڑی ہے۔ مرحوم مکرم محمد داؤد ظفر صاحب مربی سلسلہ رقیم پریس اسلام آباد لندن کے چچازاد بھائی تھے۔ مرحوم پرخلوص، خاموش طبع اور بے پناہ محبت کرنے والے خادم اور جماعتی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے اور اپنی رضا کی جنتوں میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم چوہدری مجید احمد پرویز صاحب دارالرحمت غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ امۃ الرحمٰن صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری محمد احمد خاں صاحب مرحوم درویش قادیان مورخہ 3 دسمبر 2008ء کو نماز فجر کے وقت قادیان دارالامان میں بعمر 91 سال وفات پاگئیں۔ اسی دن بعد نماز عشاء مکرم حافظ صالح محمد الٰہ دین صاحب صدر صدر انجمن احمدیہ قادیان اور قائمقام امیر مقامی انڈیا نے نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ قادیان میں قطعہ درویشان میں تدفین ہوئی۔ موصوفہ جماعتی غیرت رکھنے والی صوم و صلوٰۃ کی پابند اور صدقہ و خیرات کرنے والی تھیں اور قادیان دارالامان میں چالیس سال سیکرٹری مال لجنہ اماء اللہ رہیں اور اپنی ساری عمر درویشی میں سلسلہ کی احسن رنگ میں خدمت بجالاتے ہوئے گزاری حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت والدہ صاحبہ کا دہلی انڈیا میں مورخہ 5 دسمبر کو نماز جمعہ کے بعد نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ حضور پرنور نے ان کی خدمات کا ذکر فرمایا اور خدمات کو سراہا جو ہم اولاد اور سارے خاندان کیلئے باعث اعزاز ہے۔ موصوفہ نے سوگواران میں دو بیٹے مکرم بشیر احمد ناصر صاحب کینیڈا، خاکسار، دو بیٹیاں مکرمہ امۃ الوحید شوکت صاحبہ جرمنی اور مکرمہ امۃ المجید نصرت صاحبہ دہلی انڈیا چھوڑی ہیں۔ مکرمہ امۃ المجید صاحبہ حضرت مولوی عبدالرحمٰن صاحب جٹ سابق امیر جماعت قادیان کی بہو ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصوفہ کی ساری اولاد شادی شدہ ہے اور صاحب اولاد ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوفہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

پتہ درکار ہے

مکرم اعزاز احمد بٹ صاحب ولد مکرم یعقوب احمد صاحب بٹ وصیت نمبر 58634 ساکن فلیٹ نمبر 101۔MC250 رانا محمد یعقوب ہائیٹس گرین ٹاؤن شاہ فیصل کالونی کراچی۔ کراچی سے نقل مکانی کر گئے ہیں اگر موصی یہ خود اعلان پڑھیں یا ان کے کسی عزیز رشتہ دار کو ان کے بارہ میں علم ہو تو براہ کرم دفتر وصیت کو مطلع کریں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

یوم نجات

نواب وقار الملک نے 1906ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کے تاسیسی اجلاس میں اپنی صدارتی تقریر میں اس خدشے کا اظہار کیا تھا کہ اگر کبھی ہندوستان پر ہندوؤں کا راج قائم ہوا تو وہ مسلمانوں سے اورنگ زیب کا بدلہ لئے بغیر چین سے نہیں بیٹھیں گے نواب صاحب کی یہبات 1937ء میں اس وقت حرف بحرف صحیح ثابت ہوئی جب کانگریس کے چھ مختلف صوبوں میں برسراقتدار آنے کے بعد مسلمانوں کے تہذیب و تمدن، ثقافت، زبان اور مذہب، کو مسخ اور تباہ و برباد کرنے میں کوئی کسر اٹھانہ رکھی۔

کانگریس کی یہ حکومتیں ان انتخابات میں کامیابی کے بعد قائم ہوئی تھیں جو 1935ء میں نافذ العمل ہونے والے انڈیا ایکٹ کے تحت ہندوستان بھر میں منعقد ہوئے تھے۔ ان انتخابات میں کانگریس نے واضح اکثریت حاصل کی اور چھ صوبوں مدراس، یوپی، سی پی، بہار، اڑیسہ اور بمبئی میں حکومت قائم کرلی۔

مگر برسراقتدار آتے ہی کانگریس کے انتہا پسند رہنماؤں کے ذہنی توازن درہم برہم ہوگئے اور انہوں نے ایسے متعدد اقدامات کئے، جس پر ان صوبوں کے مسلمان چراغ پا ہوگئے۔ ان اقدامات میں سے چند یہ تھے۔ تمام اسمبلیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈز کے اجلاس بندے ماترم کے ترانے سے شروع ہونے لگے۔ ترنگا، قومی پرچم قرار پایا، مسلمانوں کے مذہب، تمدن، ثقافت، معاشرت اور روایات کو ختم کرنے کے لئے اور ان کے ذہنوں پر ہندو ثقافت اور مذہب کی برتری کا نقش جمانے کے لئے واردھا تعلیمی سکیم نافذ کی گئی، تمام صوبوں میں اردو کی بجائے ہندی کو نافذ کرنے کی کوشش کی۔ کانگریس کے صدر سے ایک معمولی کارکن تک سبھی اس دور میں یہ سمجھنے لگے کہ اب مسلمانوں سے ہزار سالہ غلامی کے بدلے کا وقت آن پہنچا ہے۔

کانگریس کی اس حکمت عملی نے مسلمانان ہند کو سوچنے پر مجبور کر دیا کہ بین الاقوامیت کے کانگریسی دعوے کتنے بے حقیقت ہیں۔ کانگریس کی ان پالیسیوں نے مسلم لیگ کی بجائے الٹا کانگریس کو رسوا کر دیا۔ مسلمانوں میں اس سیاسی جماعت سے نفرت عام ہونے لگی اور ان میں یہ احساس ترقی پانے لگا کہ ان کی باعزت زندگی اس وقت ممکن ہے جب ان کی تنظیم طاقتور بن جائے۔ یوں مسلم لیگ کی نمائندہ حیثیت میں دن بدن ترقی ہونے لگی۔

1939ء میں جب مسلم لیگ اور کانگریس کی یہ کشمکش عروج پر تھی تو دوسری جنگ عظیم کا آغاز ہوگیا۔ ادھر برطانیہ نے ہندوستان کو اس جنگ میں شامل کرنے کے لئے وفاقی دستور کا نفاذ التواء میں ڈالنا چاہا۔

کانگریس کو برطانیہ کا یہ فیصلہ ماننے میں تامل ہوا اور انہوں نے بطور احتجاج وزارتوں سے مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا۔

کانگریس کے اس فیصلے کا مسلمانوں پر بڑا خوشگوار ردعمل ہوا اور انہوں نے اپنی خوشی کے اظہار کے لئے 22 دسمبر 1939ء کو یوم نجات منانے کا اعلان کیا جس کی اپیل قائداعظم نے کی تھی۔ اس دن جمعہ تھا۔ اس دن ہندوستان کے طول و عرض میں صوبائی، ضلعی اور ابتدائی لیگوں نے عوامی جلسے منعقد کئے گئے، نماز جمعہ کے اجتماعات کے ساتھ ساتھ نماز شکرانہ ادا کی۔ مسلمانوں کے ساتھ ساتھ اس دن دیگر اقلیتوں جن میں پارسی اور پست اقوام شامل تھیں نے مسلم لیگ کی اس اپیل پر لبیک کہا اور انہوں نے بھی یوم نجات کے اجتماعات منعقد کئے۔ جس سے ثابت ہوگیا کہ کانگریس کی تنگ نظری کسی بھی اقلیت کو قبول نہ تھی۔

یوم نجات ہندوستانی مسلمانوں کی تاریخ میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ اس واقعے نے یہ ثابت کیا کہ قائداعظم مسلمانوں کے واحد اور صحیح نمائندہ ہیں اور مسلم لیگ ہی بجا طور پر مسلمانوں کی نمائندگی کا حق رکھتی ہے۔

کامیاب علاج۔ ہمدردانہ مشورہ

دوا تدبیر ہے۔ اور دعا اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے۔

1954 NASIR ناصر 2008

نوجوانوں کے۔ امراض و نفسیاتی بیماریاں

عورتوں کی مرض اٹھرا، بچوں کا چھوٹی عمر میں فوت ہوجانا

دنیائے طب کی خدمات کے ۵۴ سال

بے اولاد مردوں اور عورتوں کا کامیاب علاج

حکیم میاں محمد رفیع ناصر

مطب ناصر دواخانہ رجسٹرڈ، گولبازار، ربوہ 047-6211434 6212434 Fax:6213966

خبریں

ملکی وغیر ملکی ذرائع ابلاغ سے

قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کے خلاف درخواست خارج، حکم امتناعی بھی ختم

سپریم کورٹ نے چیف جسٹس کی بیٹی کے امتحانی نمبروں کے بارے میں قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کی کارروائی رکوانے کے بارے میں درخواست کو قبل از وقت قرار دیتے ہوئے خارج کر دیا، فاضل عدالت نے اپنے فیصلہ میں قرار دیا کہ عدالتیں پارلیمان کی اندرونی کارروائی میں مداخلت نہیں کرتیں۔ اگر کوئی آئین کی مختلف شقوں میں متعین اعلیٰ عدلیہ اوراس کے ججوں کے بارے میں منفی رویہ برتتے تو آخر کار معاملہ عدالت میں ہی آنا ہوتا ہے۔ اسے اس وقت جانچا جا سکتا ہے۔ عدالت عظمیٰ کے فیصلے سے جسٹس زوار حسین کی جانب سے جاری کردہ حکم امتناعی بھی ختم ہو گیا جس میں قائمہ کمیٹی کو کارروائی سے روکنے کا حکم دیا گیا تھا۔

فاٹا آپریشن اور سیلاب متاثرین کیلئے 43 ملین ڈالر کی امریکی امداد

امریکہ نے پاکستان میں سیلاب اور فاٹا آپریشن کے متاثرین کیلئے 43 ملین اقوام متحدہ کے ادارے کو بطور امداد فراہم کر دیئے ہیں۔ امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ امریکی حکومت اور عوام پاکستانی قبائلی علاقوں میں جاری آپریشن کے نتیجے میں محفوظ مقامات کی طرف نقل مکانی کرنے والے ہزاروں افراد کے دکھ اور تکالیف کے فوری خاتمے کی خواہاں ہے۔ پاکستان میں یو این ایچ سی آر کی نمائندہ نے امریکہ کی جانب سے امداد کی فراہمی کا خیر مقدم کیا ہے۔

گیس مزید مہنگی، 4 فیصد ٹیکس عائد کرنے کی منظوری

وفاقی حکومت نے پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی طرح سی این جی فلنگ سٹیشنوں دیگر صنعتی یونٹوں اور گھریلو صارفین پر 4 فیصد گیس ڈویلپمنٹ لیوی کے نام پر نیا ٹیکس عائد کرنے کی اصولی منظوری دے دی ہے۔ محکمہ سوئی گیس اس ترقیاتی سرچارج کا نفاذ (اوگرا) کی حتمی منظوری سے کرے گا۔

ملک بھر میں بارش کا سلسلہ جاری، سڑکیں بند اور معمولات زندگی متاثر

ربوہ سمیت ملک کے اکثر مقامات پر بارش کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث سردی میں شدید اضافہ ہو گیا ہے فصلیں زیر آب آ گئیں اور مختلف علاقوں میں ٹریفک کے لئے سڑکیں بند ہو گئی ہیں۔ بارش نے معمولات زندگی کو شدید متاثر کیا ہے جس کی وجہ سے ملازمین و دیگر افراد کو ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے میں شدید مشکلات پیش آئیں۔

میک اپ کا خرچہ

میک اپ کے سامان، ہیئر ڈرائیز، پرفیومز اور کاسمیٹکس کی دیگر درجنوں قسم کی اشیاء جو کہ جوان دکھائی دینے کے لئے استعمال ہوتی ہیں ان پر کاسمیٹکس کے ایک امریکی ادارے کی 2006ء کی رپورٹ کے مطابق پوری دنیا میں لوگ ہر سال 20 ارب ڈالر صرف کرتے ہیں۔ امریکہ اور مغربی یورپ کا شمار کاسمیٹکس کی بڑی منڈیوں میں ہوتا ہے۔ کاسمیٹکس کا سامان بنانے کا آغاز 1900ء کے شروع میں امریکہ میں ہوا تھا جو اب پوری دنیا میں پھیل گیا ہے۔ صرف امریکہ میں کاسمیٹک انڈسٹری کو ہر سال ایک ارب ڈالر کا منافع ہوتا ہے۔ ایڈورٹائزنگ پر خرچ کی جانے والی رقم کے اعتبار سے کاسمیٹکس انڈسٹری دنیا میں ساتویں بڑی انڈسٹری ہے۔ ٹیلی فون، سروسز، ایئر لائنز اور مشروبات کا ان کے بعد نمبر آتا ہے۔ ماہرین کے مطابق لوگ اپنے آپ کو جوان دکھائی دینے پر جتنی رقم خرچ کرتے ہیں وہ اتنی زیادہ ہے کہ اس سے دنیا میں بھوک اور افلاس کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔

(جنگ سنڈے میگزین 20/اپریل 2008ء)

درخواست دعا

❁ مکرم انور ندیم علوی صاحب ایڈووکیٹ دارالنصر اقبال ربوہ غربی تحریر کرتے ہیں۔

مکرم سیٹھ محمد اشفاق صاحب امیر ضلع نواب شاہ کی والدہ محترمہ فرش پر پھسلنے کی وجہ سے گر گئی ہیں اور ٹانگ میں فریکچر آ گیا ہے۔ تمام احباب جماعت سے ان کی صحت کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

❁ مکرم شمس الدین التمش صاحب دارالعلوم وسطی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بڑے بھائی محترم عبدالرشید غالب صاحب کو زبان پر فالج ہے۔ اب کچھ کچھ بولنا شروع کر دیا ہے۔ اس سے قبل 1968ء میں جسم کے بائیں حصہ پر فالج کا حملہ ہوا تھا جس کے علاج کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے اتنا فضل کر دیا تھا کہ چلنے کے قابل ہو گئے ہیں۔ اب دوبارہ بیماری نے حملہ کیا ہے۔ کمزوری ہو گئی ہے۔ پٹھوں اور جڑوں میں تکلیف بہت زیادہ ہے۔ احباب جماعت سے عاجزانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ محض اپنے فضل سے دوا میں شفا رکھ دے اور محترم بھائی جان کو صحت عطا فرماوے۔ آمین

ربوہ میں طلوع وغروب 22۔دسمبر

طلوع فجر	5:35
طلوع آفتاب	7:02
زوال آفتاب	12:07
غروب آفتاب	5:11

دفتر برائے فروخت
دفتر کے خواہشمند حضرات متوجہ ہوں
سجا سجایا دفتر فوری فروخت اس کے علاوہ پلاسٹک کی فکسڈ کرسیاں بمعہ ٹیبل، فریج بے بی کارٹ ڈائننگ ٹیبل
رابطہ تاج الیکٹرک سٹور اقصیٰ چوک ربوہ
فون: 047-6213765
0331-7797210,03327060474

الرحمٰن پراپرٹی سنٹر
اقصیٰ چوک ربوہ۔ موبائیل: 0301-7961600
0321-7961600
پروپرائیٹر: رانا حبیب الرحمٰن فون دفتر: 6214209

نورتن جیولرز ربوہ
فون گھر 047-6211971:
فون 6214214
دکان 6216216

کیوریٹو ہومیو میڈیکل باکس
روزمرہ گھریلو ضرورت کی ادویات
سیل پوائنٹ ڈاکٹر راجہ ہومیو گولبازار پر دستیاب ہے
قیمت -/400 روپے
رعائتی قیمت -/350 روپے
Tel: 0476213156,6214576, Fax: 047-6212299

FD-10

Hoovers World Wide Express
(Courier Services)
خوشخبری
بیرون ملک اپنے عزیزوں کو سامان بھجوانے کیلئے
قابل اعتماد ادارہ خصوصی مواقع پر خاص رعایت
بیسمنٹ آفس نمبر 25 قیوم پلازہ ملتان روڈ چوبرجی لاہور
بلال احمد فون نمبر: 042-5054243
Cell:0333-6708024,0345-4866677
hooversworldwideexpress@hotmail.com

MEHREEN TRAVELS
Our Services
* Air Ticketing & Reservation
* Hotel Reservations. The best services in affordable price
Yes your own travel consultant :Mehreen Travels.
For any enquiry Please contact: 042-6280443-44
MT
Cell#:0300-8001583,0302-8401583 Fax#:6280506
108-B- Sadiq plaza, 69 Shahrah-e-quaid-e-Azam Lahore
E-mail:mehreentravels@hotmail.com

BETA ®
PIPES
042-5880151-5757238

خلافت جوبلی اور جلسہ سالانہ قادیان کی خوشی میں
سپر دھماکہ آفر
اب اپنی MTA کی ڈش بالکل مفت ٹھیک کروائیں
مکمل ڈش سسٹم 4800 روپے میں لگوائیں
صرف دسمبر کیلئے
اس کے علاوہ: ریفریجریٹر، ڈیپ فریزر، واشنگ مشین، کوکنگ رینج مائیکروویواون، گیزر اور UPS بازار سے بارعایت حاصل کریں۔
FAKHAR ELECTRONICS
فخر الیکٹرونکس
PH:042-7223347,7239347,7354873
Mob:0300-4292348,0300-9403614
1۔لنک میکلوڈ روڈ جودھامل بلڈنگ پٹیالہ گراؤنڈ لاہور

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے مبارک سال میں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے

عیدالاضحیٰ کے موقع پر وسیع دعوت طعام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے ربوہ کے باسیوں سے جذبہ محبت واخوت کو بڑھانے اور خوشی کے لئے مورخہ 11 دسمبر 2008ء کو (عیدالاضحیٰ کے تیسرے دن) رات ساڑھے سات بجے ایک وسیع عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں ساڑھے چار ہزار مرد حضرات اور خواتین کو مدعو کیا گیا تھا۔

اس وسیع طعام کے جملہ انتظامات دارالضیافت کی طرف سے باحسن وخوبی سرانجام دیئے گئے۔ مرد احباب کے لئے دفاتر لجنہ اماء اللہ پاکستان کے سبزہ زار اور خواتین کے لئے احاطہ دفاتر تحریک جدید میں انتظام کیا گیا تھا۔

خلافت احمدیہ کی خدا تعالیٰ کے فضل سے امسال پہلی صدی مکمل ہوئی ہے اور جماعت کو دوسری صدی کو دیکھنے کا شرف حاصل ہوا۔ اس کے ساتھ ہی خلافت احمدیہ کو ربوہ سے ہجرت کئے بھی تو ربع صدی ہونے کو آئی ہے اور اہل ربوہ کے لئے خلیفۃ المسیح کی یہ ظاہری جدائی کسی آزمائش سے کم نہیں اہل ربوہ کا امام اپنے دل میں ہمہ وقت ان کو بسائے رکھتا ہے اور ربوہ کے باسی بھی اپنے امام ہمام کو ہردم اور ہر آن یاد کرتے ہیں۔

سردیوں کی اس خنک اور سرمئی شام کے وقت خلیفۃ المسیح کے غلام بڑی محبت ولگن کے ساتھ ایک وسیع تعداد میں اس ضیافت میں شرکت کے لئے آتے جارہے تھے۔ دارالضیافت کی انتظامیہ کی طرف سے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے حوالے سے امسال پہلے سے وسیع انتظامات کئے گئے تھے۔ احاطہ میں کھانے کے لئے سٹینڈز اور میزیں لگائی گئی تھیں۔ ٹیوب لائٹس اور رنگین بلبوں کی روشنی میں سارا ماحول منور ہو گیا تھا۔

اس دعوت کے شرکاء میں ربوہ کے تمام جماعتی اداروں کے جملہ کارکنان، ناظران، وکلاء، افسران صیغہ جات، ربوہ میں متعین مربیان، امریکہ، کینیڈا، یو۔کے اور برازیل سے تشریف لانے والے مہمان، صدران محلّہ جات، ہر محلّہ کے نمائندگان، یتامیٰ اور ایسے غرباء جن کو عموماً ایسی ضیافتوں میں شرکت کا موقع نہیں ملتا۔ ان کے علاوہ راہ مولیٰ میں جان قربان کرنے والے احباب کے لواحقین، اسیران راہ مولیٰ اور ان کے اہل خانہ بھی مدعو کئے گئے تھے۔ اسی طرح خواتین میں تمام جماعتی اداروں کی کارکنات، ناظران، وکلاء، افسران صیغہ جات اور بیرون ملک مقیم مربیان کی بیگمات، تمام محلّہ جات سے نمائندہ خواتین، بیوگان، غریب خواتین اور بعض دیگر مستورات شامل تھیں۔

مردوں کے احاطہ میں جنوبی طرف 30 سے زائد کرسیاں اور میزیں سجا کر سٹیج بنایا گیا تھا۔ جس پر تمام شعبہ جات، غریب طبقہ اور بعض ممالک کی نمائندگی کرنے والے بزرگان ومہمانان تشریف فرما تھے۔

تمام انتظامات کے لئے مکرم ملک منور احمد جاوید صاحب نائب ناظر ضیافت، ان کے نائبین مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب، مکرم نصیر احمد انجم صاحب، مکرم اسداللہ غالب صاحب، بعض انصار اور خدام کی ایک مستعد ٹیم نے خدمات سرانجام دیں۔

دعوت کے آخر پر تقریباً آٹھ بجے محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے دعا کرائی جس کے بعد یہ پُروقار تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ یہ دعوت طعام کیسی اچھوتی اور الگ تھی، اس کا میزبان ہزاروں میل کی مسافت پہ بیٹھا تھا اور یہاں اس کے مہمان لطف اٹھا رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ محبتوں کا یہ رشتہ ہمیشہ قائم و دائم رکھے اور دید کے ترسوں کی آنکھیں جلد تر ٹھنڈی ہوں۔

امۃ المنان سکالرشپ برائے فائن آرٹس

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری کے ساتھ امسال نظارت تعلیم کے تحت ایک اور سکالرشپ "امۃ المنان سکالرشپ" جاری کیا جا رہا ہے۔ یہ سکالرشپ صرف ان طالبات کے لئے ہوگا جنہوں نے امسال HEC سے منظور شدہ کسی ادارے میں بیچلر (فائن آرٹس) میں داخلہ لیا ہو۔ ہر سال دو طالبات کو یہ سکالرشپ دیا جائے گا۔ ایسی طالبات سے درخواست ہے کہ وہ سادہ کاغذ پر بنام ناظر تعلیم اپنی درخواست مکرم صدر صاحب/مکرم امیر صاحب کی تصدیق، انٹرمیڈیٹ کے رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپی، بیچلر (فائن آرٹس) میں داخلہ کا ثبوت کے ساتھ نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کو ارسال فرمائیں۔ یہ سکالر شپ صرف طالبات کیلئے ہے۔ درخواست بھجوانے کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2008ء ہے۔ قواعد اور مزید تفصیلی معلومات نظارت تعلیم سے لی جاسکتی ہیں۔ فون نمبر: 047-6212473

(نظارت تعلیم)

☆......☆......☆

دسمبر کا آخری عشرہ اور ربوہ

دسمبر آخری عشرہ میں ربوہ کی حسیں وادی
بڑی سج دھج سے لگتی تھی کوئی گل پوش شہزادی
دسمبر آخری عشرہ کی جب بھی یاد آتی ہے
تو بھر آتا ہے دل اور ہر نظر ہی بھیگ جاتی ہے
سبھی بچھڑے ہوئے اس آخری عشرہ میں ملتے تھے
جو پژمردہ سے دل تھے وہ بھی اس عشرہ میں کھلتے تھے
گلے ملتے تھے دل جب دل سے آنکھیں ڈبڈباتی تھیں
گزشتہ سال کی باتیں ہر اِک کو یاد آتی تھیں
صبح صلے علیٰ کرتے ہوئے چھوٹے بڑے بچے
سبھی ہیں نونہالاں احمدیت عزم کے پکے
ڈیوٹی پر وہ چوکس مستعد خدام سب حاضر
اور ان کے ساتھ ہی شانہ بشانہ رہنما ناصر
دلوں میں ذوق وشوق و ولولے جذبے لئے پیارے
ثناء وحمد کے گیتوں سے دل معمور تھے سارے
مئے عشق و وفا سے ہی سبھی سرشار رہتے تھے
ہر اک آواز پر آقا کی جو لبیک کہتے تھے
وہ جلسہ گاہ میں وعظ و نصائح اور تقریریں
بڑی بااثر ہوتی تھیں زبانیں اور تحریریں
مساء و صبح یاں جب مجلس عرفان ہوتی تھی
ہر اک روح وجد میں آتی تھی اور قرباں ہوتی تھی
نہیں بھولے گا دل وہ رونقیں ہرگز نہ بھولے گا
ملاقاتیں وہ سجتی مجلسیں ہرگز نہ بھولے گا
خدایا پھر ہمیں ربوہ کی ساری رونقیں دے دے
جو اس بستی سے وابستہ ہیں ساری برکتیں دے دے
ترانے تیری عظمت کے ہر اک جانب یہاں گونجیں
تیری تسبیح اور تحمید سے ارض و سما گونجیں
حقیقت میں ہو ربوہ ہی قرارٍ وَّ مَعیں وادی
رہے آباد اور شاداب اور گل پوش یہ وادی

عبدالحمید خلیق

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

3

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ بھارت

لجنہ کیرالہ کا اجلاس اور حضور انور کا لجنہ سے خطاب، ملاقاتیں اور میڈیا کوریج

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

26 نومبر 2008ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنی رہائش گاہ کے بیرونی لان (Lawn) میں جہاں نماز کی ادائیگی کا انتظام کیا گیا تھا تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

کالی کٹ کے لئے روانگی

دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور احمدیہ بیت القدوس کالی کٹ کے لئے روانگی ہوئی۔ پولیس کی گاڑیوں نے قافلہ کو Escort کیا۔ سوا دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی احمدیہ بیت میں تشریف آوری ہوئی۔

لجنہ کیرالہ کا اجلاس

آج پروگرام کے مطابق لجنہ اماء اللہ کیرالہ کا اجلاس تھا جس کا انتظام بیت سے ملحقہ مارکی میں کیا گیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جونہی مارکی میں داخل ہوئے خواتین نے پُرجوش نعروں کے ساتھ اپنے پیارے آقا کو خوش آمدید کہا۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو محترمہ طاہرہ صدیقہ صاحبہ نے کی۔ اس کا اردو ترجمہ جویریہ گوہر صاحبہ اور ملیالم زبان میں ترجمہ طاہرہ انجم صاحبہ نے پیش کیا۔ اس کے بعد لجنہ اماء اللہ کرونا گا پلی نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں ملیالم زبان میں ایک استقبالیہ نظم پیش کی۔ جس میں ایک مصرع ...... اھلاً وسھلاً ومرحبا بار بار آتا تھا۔ اس نظم کا ترجمہ درج ذیل ہے۔ جو محترمہ ہیمہ عبدالواحد صاحبہ نے پیش کیا۔

نظم کا ترجمہ

ہم اپنے پیارے آقا سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بابرکت خدمت میں خلوص دل کے ساتھ خوش آمدید عرض کرتی ہیں۔ خوشی سے بھرے ہوئے دل کے ساتھ ہماری اس سرزمین کی طرف سے عقیدت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے خوش آمدید کہتی ہیں۔

یہ وہ سرزمین ہے یعنی کیرالہ جس نے خدا کا پیغام سنتے ہی قبول کرنے کی سعادت حاصل کی تھی۔

اسی طرح (دین) کی نشاۃ ثانیہ کی صداقت قبول کرنے کی بھی اس سرزمین کو توفیق ملی ہے۔

آج تاریخ میں پہلی دفعہ خلیفہ وقت کے مبارک قدم چومنے کا یہ سرزمین شرف حاصل کر رہی ہے۔

ہم اس خدا کے تشکر سے لبریز دل کے ساتھ حمد کرتی ہیں۔ جس نے ہمیں وہ مبارک اور روشن چہرے کے دیدار کی توفیق بخشی ہے۔

اے جان سے پیارے آقا ہم دعا کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ حضور انور کو دینی خدمات کے میدان میں کامیابی حاصل کرنے اور حضور انور کے مبارک دور میں ہی احمدیت کو عالمگیر ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

ہم دعا کرتی ہیں کہ خدا تعالیٰ پیارے آقا کو صحت و سلامتی کے ساتھ لمبی عمر عطا فرمائے۔

ہم کمزور ہیں۔ ہم صف باندھ کر ادب کے ساتھ دعا کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں میدان عمل میں ہمت اور استقلال عطا فرمائے۔

بعد ازاں حضرت اقدس مسیح موعود کا منظوم کلام

ہے شکر رب عز و جل خارج از بیاں
جس کے کلام سے ہمیں اس کا ملا نشاں

عزیزہ صوفیہ خالد صاحبہ نے پیش کیا۔ اس کے بعد تقریب تقسیم ایوارڈ ہوئی۔

تقسیم ایوارڈ

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سندات خوشنودی عطا فرمائیں جبکہ حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے میڈل پہنائے۔

(i) صد سالہ خلافت جوبلی کے ایک پروگرام کے تحت مقابلہ مضمون نویسی میں انڈیا کی تمام مجالس میں محترمہ رؤف رومی صاحبہ نے اول پوزیشن حاصل کی اور حضور انور کے دست مبارک سے انعام حاصل کیا۔

(ii) عزیزہ صالحہ محمود نے صوبہ کیرالہ سے مثالی ناصرہ ہونے کا انعام حاصل کیا۔

(iii) اس کے بعد دینی امتحانات میں مختلف مجالس سے نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی درج ذیل چار ممبرات لجنہ نے انعامات حاصل کئے۔

منصورہ جمال صاحبہ، سرینہ رفیق صاحبہ، نصیرہ کبیر صاحبہ، Femura ملک صاحبہ۔

(iv) Medical Enhance Winners کے تحت مکرم شامنہ موسیٰ کویا صاحبہ، فہیمہ احمد صاحبہ اور ثناء عبدالحمید صاحبہ نے ایوارڈ حاصل کئے۔

(v) یونیورسٹی میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی درج ذیل تین طالبات نے ایوارڈ حاصل کئے۔

1۔ سعدیہ سلیم صاحبہ
BBM 1st Rank Kannur University

2۔ ساہیرہ عبداللہ صاحبہ
MA English Literature 1st Rank

3۔ صوفیہ شریف صاحبہ
MSc Clinical Psycology 1st Rank

(vi) بعد ازاں لجنہ کیرالہ کی مختلف عہدیداروں نے اپنی غیر معمولی کارکردگی پر سندات خوشنودی اور ایوارڈ حاصل کئے۔ ان کے اسماء درج ذیل ہیں۔ طاہرہ بیگم صاحبہ، جویریہ گوہر صاحبہ، وحیدہ سلیم صاحبہ، صدیقہ سید صاحبہ، زبیدہ صدیق صاحبہ، مبارکہ صاحبہ، ممتاز ظفر اللہ صاحبہ، ساجدہ شریف صاحبہ۔

(vii) دو مجالس Payangadi اور Karunage Pauli نے انڈیا بھر کی مجالس میں کارکردگی کے لحاظ سے دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر سندات خوشنودی حاصل کیں۔

(viii) اسی طرح ناصرات الاحمدیہ کی تین مجالس Kannur City، Vani Yembalam اور Payangadi نے انڈیا بھر کی مجالس میں اپنی کارکردگی کے لحاظ سے پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی اور حضور انور کے دست مبارک سے سندات خوشنودی حاصل کیں۔

تقریب تقسیم ایوارڈ کے بعد ناصرات کے ایک گروپ نے حضرت اقدس مسیح موعود کا عربی قصیدہ ع

یا عین فیض اللّٰہ والعرفان

کے چند اشعار خوش الحانی کے ساتھ پڑھے۔ ان اشعار کا اردو ترجمہ بھی ساتھ ساتھ ایک نظم کی صورت میں خوش الحانی سے پڑھا۔

ان اشعار کا انگریزی ترجمہ بھی ساتھ ساتھ پیش کیا جا رہا تھا۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لجنہ سے خطاب فرمایا۔

حضور انور کا لجنہ سے خطاب

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا۔

مجھے اس بات کی بڑی خوشی ہے کہ آج اللہ تعالیٰ نے توفیق دی کہ لجنہ اماء اللہ کالی کٹ یا ہندوستان کے اس علاقہ کی جو جنوبی علاقہ ہے اس کی لجنہ سے بھی براہ راست کچھ باتیں کروں۔

آپ جو لجنہ اماء اللہ کہلاتی ہیں۔ بہت ساری ممبرات جو ہیں انہوں نے کبھی سوچا نہیں ہوگا۔ اس پر غور نہیں کیا ہوگا کہ لجنہ اماء اللہ کا مطلب کیا ہے۔ لجنہ اماء اللہ جو آپ کا نام رکھا گیا ہے یہ بڑا سوچ بچار کر، بڑا اہم نام ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی باندیاں، اللہ تعالیٰ کی خدمت گزار، اللہ کے دین کی کام کرنے والیاں، پس آپ وہ باندی اور لونڈی ہیں جو زبردستی لونڈی نہیں بنائی گئی جس طرح غلام بنائے جاتے ہیں۔ بلکہ آپ نے اس زمانے کے امام کی بیعت کر کے اپنے آپ کو اس کام کے لئے پیش کیا کہ ہم اللہ تعالیٰ کی رضا کی راہوں پر چلنے والی بنیں گی اور اس کے احکامات پر عمل کرنے والی بنیں گی اور اس کے لئے ہر قربانی کے لئے تیار رہیں گی یہ آپ اپنے ہر عہد میں دوہراتی ہیں کہ ہم اپنی خوشی سے دین کی خاطر، جماعت کی خاطر ہر قربانی کے لئے مال، وقت اور جان کی قربانی کے لئے تیار رہیں گی۔

اسی طرح ناصرات الاحمدیہ ہیں۔ ناصرات الاحمدیہ کا مطلب یہ ہے کہ احمدیت کی خدمت کرنے والیاں، مدد کرنے والیاں، اس کے دین کے کاموں کو آگے بڑھانے والیاں، اللہ تعالیٰ کے دین کو دنیا میں پھیلانے والیاں، پس آپ لوگ جو ناصرات ہیں۔ خاص طور پر جو بڑے معیار کی ناصرات ہیں 12 سے 15 سال تک کی عقلمند ہوتی ہیں، شعور پیدا ہو جاتا ہے۔ آپ کو اپنے آپ کو خاص طور پر اس چیز کے لئے تیار کرنا ہے کہ آپ کا ہر کام آپ کا ہر فعل خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والا ہو اور جماعت احمدیہ کے لئے باعث فخر ہو اور آپ ہمیشہ خدمت گاروں میں اور مددگاروں میں شمار کی جانے والی ہوں۔

پس چاہے آپ لجنہ اماء اللہ کی ممبرات ہیں، چاہے ناصرات الاحمدیہ کی ممبرات ہیں دونوں پر بہت اہم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں جن کو آپ نے نبھانا ہے۔ پس اس بات کو آپ کو ہمیشہ پیش نظر رکھنا چاہئے۔

آنحضرت ﷺ کو جب اللہ تعالیٰ نے خاص موقعہ پر عورتوں کی بیعت کا حکم دیا۔ ایک دو شرائط کا میں ذکر کرتا ہوں۔

فرمایا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی۔ پھر فرمایا اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی۔ پھر ایک حکم ہے کہ معروف باتوں میں تیری نافرمانی نہیں کریں گی۔

پس یہ بہت اہم باتیں ہیں۔ اگر آپ ان چیزوں کو، ان باتوں کو پلے باندھ لیں گی تو یقیناً آپ حقیقی لجنہ اماء اللہ اور حقیقی ناصرات کہلانے والی ہوں گی۔

اگر آپ حضرت مسیح موعود کی شرائط بیعت پر غور کریں تو یہ باتیں وہاں بھی آپ کو نظر آئیں گی۔ انہی شرائط پر آپ نے احمدیت قبول کی ہوئی ہے۔ اس لئے بہت غور کرنے کا مقام ہے۔

جب آپ شرک نہ کرنے کا عہد کرتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں کسی کو نہ لانے کا عہد کرتی ہیں تو اس وقت پھر آپ کو خیال آئے گا کہ اس کے مقابلے پر اس کو کس طرح میں حاصل کر سکتی ہوں اور وہ بھی حاصل ہو سکتا ہے جب آپ اپنی نمازوں اور عبادتوں کی طرف توجہ دینے والی ہوں گی اور نمازوں کے مقابلے پر، اللہ تعالیٰ کی عبادت کے مقابلے پر کسی چیز کو بھی اس سے مقدم نہیں ٹھہرائیں گی۔

نماز ایک بنیادی حکم ہے جو ہر...... پر فرض ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جب دس سال کے بچے ہو جائیں تو ان پر سختی کرو کہ وہ نماز پڑھیں اور ان کو عادت ڈالو باجماعت نماز پڑھنے کی لڑکوں کو اور اسی طرح عورتوں کو اور بچیوں کو نماز پڑھنے کی عادت ڈالو سوائے چند شرعی عذرات کے جس میں عورتوں کو نماز نہ پڑھنے کی اجازت ہے۔ ہمیشہ نماز کی پابندی کرنی چاہئے۔ اگر آپ اس بات کی پابندی کرنے والی ہوں گی، اپنی عبادتوں کی اور اپنی نمازوں کی صحیح طرح حفاظت کرنے والی ہوں گی تو یہی چیز ہے جو پھر اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتے ہوئے آپ کی اولاد کی بھی صحیح تربیت ہو گی۔ یہاں جو فرمایا و لا یقتلن اولادھن اب کوئی ماں اپنے بچے کو قتل تو نہیں کرتی۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ اپنی حالتیں ایسی بناؤ اور اپنے بچوں کی تربیت ایسی کرو کہ وہ اللہ کے دین پر قائم ہو جائیں اور اللہ کی طرف جھکنے والے ہوں اور اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہوں اور نیک اعمال بجا لانے والے ہوں تاکہ ہمیشہ وہ اس دنیا میں بھی آپ کی نیک نامی کا باعث ہوں۔ اللہ تعالیٰ سے جزا پانے والے ہوں اور آخرت میں بھی آپ بھی آپ کی اولادیں بھی اور آپ کی نسلیں بھی اللہ تعالیٰ سے جزا پانے والی ہوں۔

اسی طرح آپ نے ایک عہد کیا، لجنہ کے عہد میں بھی آپ دوہراتی ہیں کہ معروف باتوں میں کبھی نافرمانی نہیں کریں گی۔ یہی عہد حضرت مسیح موعود نے بھی آپ سے لیا شرائط بیعت میں۔ تو معروف باتیں کیا ہیں؟ معروف باتیں وہ نیکی کی باتیں ہیں جو آپ کو وقتاً فوقتاً خلیفہ وقت کی طرف سے کہی جاتی ہیں، تحریک کی جاتی ہیں اور حالات دیکھ کر مختلف قسم کی نیکیاں جو قرآن کریم میں درج ہیں ان کے بارہ میں زیادہ تحریک کی جاتی ہے تو اس لحاظ سے یہ بھی آپ کا ایک عہد ہے اور ایک عہد نبھانا ہر احمدی پر فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ تمہارے عہدوں کے بارہ میں تم سے پوچھا جائے گا۔ اس لئے ہمیشہ یاد رکھیں کہ آپ نے معروف فیصلے پر عملدرآمد کرنے کا جو عہد کیا ہے اس کو نبھانا بھی ہے۔

پس معروف فیصلہ جیسا کہ میں نے کہا نیک باتوں پر عمل کرنا ہے اور معروف یہی نیکیاں ہیں جس کو معروف کہتے ہیں اور اس پر عمل کرنا آپ کا فرض ہے۔ وقتاً فوقتاً اس کی تحریک ہوتی رہتی ہے اور مجھے بڑی خوشی ہے کہ جب بھی کسی بات کی تحریک ہوئی اور توجہ دلائی گئی۔ چاہے عبادتوں کی طرف توجہ دلانا ہے اور نیکی کے دوسرے کاموں کی طرف توجہ دلانا ہے جماعت احمدیہ میں، دنیا میں، ہر جگہ بلا امتیاز بلا تخصیص لجنہ اماء اللہ نے ہمیشہ لبیک کہا ہے۔

اگر آپ اسلام کی تاریخ پر نظر ڈالیں تو ہمیں ایسی عورتیں نظر آتی ہیں صحابیات میں سے، جو عبادت کرنے میں مردوں سے بھی آگے نکل گئی تھیں۔

جماعت احمدیہ کی ابتدائی تاریخ پر نظر ڈالیں تو ہمیں ایسی خواتین بھی نظر آتی ہیں جو خدا تعالیٰ کے فضل سے عبادتوں کے اعلیٰ معیار قائم کرنے والی تھیں۔ اسی طرح دوسرے کام ہیں مثلاً اسلامی جنگوں کے ابتدائی دور میں مسلمان صحابیات نے خواتین نے بہت اہم کردار ادا کیا ہے۔ جنگی میدان میں نرسنگ کا کام کرتی رہیں۔ فوجوں کی دیکھ بھال کرتی رہیں، مریضوں کی۔ اسی طرح یہ بھی ہوا کہ اگر کبھی مسلمان لشکر خوفزدہ ہو کر دشمن سے پیچھے دوڑا تو مسلمان عورتوں نے ان کو غیرت دلائی اور آپ آگے کھڑی ہو گئیں اور اس کی وجہ سے پھر مسلمان لشکر جا کے دوبارہ جو اہم کام تھا دفاع کا وہ انجام دیا اور فتح حاصل کی۔ پس یہ سب باتیں تاریخ میں اس لئے محفوظ کی گئی ہیں تاکہ آئندہ آنے والی عورتیں بھی اس بات کو یاد رکھیں اور اپنے آپ کو بھی اس مقام کو حاصل کرنے والا بنائیں جو قرون اولیٰ کی عورتوں نے حاصل کیا تھا۔

اسی طرح حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں بھی اور بعد میں خلافت ثانیہ میں بھی، خلافت ثالثہ میں بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے عورتیں دنیا کو اپنے مقام کی پہچان کرنے والی بنتی رہیں یا جماعت احمدیہ میں ہمیشہ عورتوں کی پہچان رہی کہ وہ قربانیوں میں اور عبادتوں میں آگے بڑھنے والی ہیں۔

آپ لوگوں کا بھی کام ہے کہ اب جو قربانیاں ہمارے بڑوں نے کیں اور جن عبادتوں کے معیار ہمارے بڑوں نے قائم کئے ان کو آپ نے ہمیشہ جاری رکھنا ہے۔ مثلاً میں قربانی کی مثال دیتا ہوں عورتوں کی، حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے زمانہ میں جب انہوں نے تحریک کی، مالی تحریک کی تحریک جدید کی تو ایک غریب مرغیوں کے انڈے لے کر آ گئی کہ میرے پاس یہی کچھ ہے جو میں پیش کرتی ہوں اور اسی طرح بعد میں بھی عورتوں نے قربانی کی انتہائی اعلیٰ مثالیں قائم کیں۔ عورتوں نے اپنے زیور پیش کر دیئے۔ اسی طرح اپنی اولاد کو وقف کرنے کے لئے پیش کیا۔ آج بھی اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ جب وقف نو کی تحریک ہوئی۔ تو دنیا میں احمدی خواتین نے اپنی اولادوں کو وقف نو کے لئے پیش کیا اور اب تک کرتی چلی جا رہی ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ یہی وقف نو کی جو فوج ہے امید ہے احمدیت کے لئے ایک اہم کردار ادا کرنے والی بنے گی۔ پس قربانیاں کرتے چلے جانا اور نیکیوں پر قائم رہتے چلے جانا اور اپنی عبادتوں کے معیار بلند کرتے چلے جانا۔ ہر احمدی عورت کا خاص فرض ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی جزا بھی دیتا ہے اور اس کے پھل انشاء اللہ تعالیٰ ہم اس دنیا میں بھی حاصل کریں گے اور آخرت میں بھی حاصل کریں گے۔

مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ جس طرح دنیا میں باقی جگہ عورتوں نے اپنی اولادوں کو وقف کیا کیرالہ کے علاقہ میں بھی اس علاقہ میں بھی بہت ساری خواتین نے اپنی اولادوں کو وقف نو کے لئے پیش کیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزا دے۔ لیکن یہ وقف پیش کرنے کے بعد ان کی ذمہ داری ختم نہیں ہو گی بلکہ یہاں ان کی تربیت کا ایک نیا دور شروع ہو گیا ہے۔ انہوں نے خاص طور پر اپنے واقفین نو بچوں کی تربیت کرکے، ویسے تو ہر بچے کی تربیت کرنا عورت کا فرض ہے، جیسا کہ میں نے کہا خدا تعالیٰ نے فرمایا اپنی اولاد کو قتل نہ کرو اور قتل نہ کرنے سے یہ مراد ہے کہ ان کی اتنی بری تربیت نہ کرو کہ وہ خراب ہو جائیں اور اپنے بد انجام کو پہنچیں۔ لیکن خاص طور پر واقفین نو کو جو آپ جماعت کو تحفہ کے طور پر پیش کر رہی ہیں۔ ان کی خاص طور پر ایسی تربیت کریں کہ ان کا خدا تعالیٰ سے ایک خاص لگاؤ ہو اور دین کی طرف رغبت ہو اور دنیا کی طرف سے بے رغبتی ہو۔

اسی طرح مجھے اس بات کی بھی خوشی ہے جیسا کہ انہوں نے بتایا۔ انعامات ابھی تقسیم ہوئے کہ کیرالہ کی لجنہ نے پورے ہندوستان میں انعامات حاصل کئے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپ لوگوں کو دین کے کام سے ایک لگاؤ ہے اور اس کی خاطر آپ اپنا وقت مال اور ہر چیز قربان کرنے کے لئے تیار رہتی ہیں۔ اسی لئے آپ کو یہ انعام ملا جو پورے ہندوستان میں آپ لوگوں کو اچھی پوزیشن کے لئے ملا ہے اس کو بھی جاری رکھیں اور کبھی اس کو ختم نہ ہونے دیں۔ آجکل جیسا کہ MTA کے ذریعہ ہر جگہ خبر پہنچ جاتی ہے سنتی بھی ہیں اور دیکھتی بھی ہیں۔ لجنہ اماء اللہ دنیا میں ہر جگہ بہت Active ہے اور خاص طور پر مالی قربانیوں میں بھی Active ہیں اور (بیوت الذکر) بنانے میں خاص کردار ادا کرنے والی ہیں۔ ابھی گزشتہ دنوں میں نے برلن (بیت) کا افتتاح کیا وہ بھی خواتین نے بڑی مالی قربانی کرکے بنائی تھی۔ تو مالی قربانیوں میں عورتیں بہت آگے بڑھتی چلی جا رہی ہیں اور مجھے خوشی اس بات کی ہے کہ کیرالہ کی جماعت کی لجنہ نے بھی یہ وعدہ کیا کہ یہاں کا جو کیپیٹل ہے Trivantrum یہاں ایک نیا سنٹر خریدنا چاہتے ہیں تو لجنہ نے پیشکش کی ہے کہ لجنہ اس میں ایک بڑا اہم کردار ادا کرنا چاہتی ہے۔ بہت خوشی کی بات ہے اللہ تعالیٰ لجنہ کو توفیق دے کہ وہ اس مالی قربانی میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والی ہوں گی کہ یہ بہت بڑا خرچ ہے۔ لیکن ہمیشہ کی طرح کیرالہ کی جماعت اپنے پاؤں پر کھڑی رہی ہے اور اپنے اخراجات برداشت کرتے ہیں یہ لوگ۔ اللہ تعالیٰ جہاں مردوں کو توفیق دے گا وہاں عورتوں کو بھی توفیق دے کہ وہ اس تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں بہرحال صدر لجنہ نے یہ وعدہ کیا ہے یقیناً آپ لوگوں کے جذبہ کو دیکھ کر کیا ہو گا۔ اللہ تعالیٰ اس جذبہ کو قائم رکھے اور آپ کو وعدہ پورا کرنے کی توفیق دے۔

ناصرات الاحمدیہ سے میں کہنا چاہتا ہوں جیسا کہ میں نے آپ کو بتایا آپ کے نام کا مطلب کیا ہے۔ ہمیشہ اس بات کو ذہن میں رکھیں یہ علاقہ جو ہے یہ Literacy Rate میں سو فیصد ہے اور امید ہے احمدی بھی بلکہ ظاہر ہے سو فیصد پڑھے لکھے اس میں ہوں گے جو بھی معیار ہے ان کی پڑھائی کا۔ لیکن ہمیشہ یاد رکھیں کہ صرف دنیوی پڑھائی کو حاصل کرنا آپ کا مقصد نہیں ہے۔ سو فیصد Literacy Rate کے ساتھ آپ لوگوں کو اسی شوق کے ساتھ قرآن کریم کی تعلیم اور دینی علم سیکھنے کی طرف بھی توجہ پیدا ہونی چاہئے تاکہ اپنے آپ کو بھی اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والی بنائیں اور آئندہ اپنی نسلوں کو بھی صحیح تربیت پر چلانے والی بنا سکیں۔ اس لئے اس طور پر خاص طور پر توجہ دیں کہ بچیاں اپنے آپ کو بچیاں نہ سمجھیں ابھی سے قرآن کریم کو پڑھنے اور دینی علم حاصل کرنے کی طرف خاص توجہ دیں تاکہ اپنی دنیا و آخرت بھی سنوارنے والی ہوں اور اپنی آئندہ نسلوں کی بھی انشاء اللہ۔

پس مختصراً یہی میں چند باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ ہمیشہ یاد رکھیں اپنی عبادتوں کے معیار قائم کرنے ہیں۔ اپنی اور اپنی اولادوں کی تربیت کرنے کی طرف خاص طور پر توجہ دینی ہے۔ دین سے ہمیشہ منسلک رکھنا ہے دین کے مقابلہ پر دنیا کو ہیچ سمجھنا ہے۔ ہمیشہ دین مقدم رہنا چاہئے اور ہمیشہ خلافت کی، نظام جماعت کی آواز پر لبیک کہنا چاہئے اور اس کی خاطر ہر قربانی کے لئے ہر وقت آپ کو تیار رہنا چاہئے۔ اگر یہ کریں گی اور یہ حق ادا کرنے والی ہوں گی تو آپ بہترین لجنہ کہلانے والی بنیں گی اور بہترین ناصرات کہلانے والی بنیں گی اور وہ حق ادا کرنے والی بنیں گی جس کے لئے آپ نے احمدیت کو قبول کیا تھا اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے (آمین)۔ اب دعا کر لیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطاب گیارہ بجکر پینتیس منٹ تک جاری رہا۔ خطاب کے آخر پر حضور انور نے دعا کروائی۔

دعا کے بعد لجنہ نے پُر جوش انداز میں نعرے لگائے۔ جب حضور انور لجنہ کی مارکی سے رخصت ہونے لگے تو بچیوں نے مل کر یہ ترانہ پیش کیا۔

میرے حضور حضرت مسرور زندہ باد

آؤ محبتوں کے ترانے سنائیں ہم
آؤ کہ آج جشن تشکر منائیں ہم
عہد وفا جو باندھا ہے اس کو نبھائیں ہم
آؤ کہ آج جشن تشکر منائیں ہم

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سٹیج سے نیچے تشریف لے آئے اور کچھ دیر کے لئے ان بچیوں کے پاس کھڑے رہے اور پھر اپنا ہاتھ بلند کرکے سب کو السلام علیکم کہا اور لجنہ کی مارکی سے رخصت ہوئے۔

اخبار کا انٹرویو

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

اپنے دفتر تشریف لے آئے جہاں ملیالم زبان کے اخبار روزنامہ Mathrubhumi کے ایڈیٹر نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے انٹرویو لیا۔ موصوف اس انٹرویو کے لئے صبح سے ہی مشن ہاؤس آئے ہوئے تھے۔

موجودہ فنانشل کرائسز کے تعلق میں ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ زراعت کی ترقی اس میں ایک بڑا رول ادا کر سکتی ہے۔ موجودہ دور میں حکومتیں Urban Towns اور شہروں کی ڈویلپمنٹ کی طرف زیادہ توجہ دی رہی ہیں اور جو دیہات اور Rural ایریا ہیں ان سے توجہ ہٹ رہی ہے۔ کم توجہ دی جا رہی ہے۔ انڈسٹریز بن رہی ہیں تو شہروں میں بن رہی ہیں جس کی وجہ سے دیہاتوں سے ایک بڑا طبقہ شہروں کی طرف رخ کر رہا ہے۔ بغیر یہ معلوم کئے کہ وہاں کوئی ملازمت ہے یا نہیں۔ اس طرح بیروزگاری بڑھ رہی ہے۔ اس کا ایک ہی حل ہے کہ حکومت دیہی علاقوں اور زراعت کی طرف توجہ دے۔ کسانوں کی حوصلہ افزائی کرے اور اپنے Rural ایریا کو ڈویلپ کریں اور وہاں ملازمتوں کے حصول کے مواقع پیدا ہوں تو شہروں کی طرف رخ بھی کم ہوگا اور بیروزگاری بھی ختم ہوگی۔

حضور انور نے فرمایا غریب علاقوں میں، دیہاتوں میں نہ بجلی ہے نہ پانی ہے نہ گیس ہے اور نہ سیوریج کا کوئی انتظام ہے۔ ویسے آجکل تو شہروں کا بھی برا حال ہے۔ لیکن ان غریب لوگوں کے پاس ٹیلیویژن ضرور ہوتا ہے۔ جب وہ TV پر شہروں کی ترقی دیکھتے ہیں، ایسے مناظر دیکھتے ہیں جو شہروں کی طرف ان کی آنے کی کشش کا موجب بنتے ہیں۔ تو یہ لوگ شہروں کی طرف آنے کا رخ کرتے ہیں بغیر یہ جانے کہ وہ وہاں جا کر کیا کریں گے۔

اس سوال کے جواب میں کہ کیا ایگریکلچر (Agriculture) کی طرف خاص توجہ دینے اور اسے ڈویلپ کرنے سے موجودہ فنانشل کرائسز ختم ہو جائے گا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یقیناً یہ معاملہ بہت اہم ہے پہلے Step کے طور پر خوراک کی قلت کو ختم کرنا ہوگا، بھوک کو مٹانا ہوگا اور یہ تبھی ممکن ہو سکتا ہے کہ جب حکومت زراعت کی ترقی کی طرف بھرپور توجہ دے۔ جب خوراک کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ غریب کو خوراک میسر ہوگی اور دوسرے ممالک کو بھی مہیا کی جا سکے گی تو پھر فنانشل کرائسز بھی ختم ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا زندہ رہنے کے لئے سب سے ضروری چیز خوراک ہے اور یہی ایک انسان کی پہلی ترجیح ہے، پھر کپڑا آئے گا اور پھر مکان، اس کے نعرے تو لگائے جاتے ہیں لیکن عملاً اقدام نہیں کئے جاتے۔

حضور انور نے فرمایا یورپین ممالک میں سبزیاں، پھل باہر سے آتے ہیں لیکن ہمارے ہاں خدا تعالیٰ کے فضل سے ایسے موسم میں کہ ہر قسم کا پھل یہاں پیدا کر سکتے ہیں۔ ہندوستان ایسا کر رہا ہے اور پاکستان میں بھی کسی حد تک شروع ہوا ہے۔ اگر باقاعدہ پلاننگ اور منصوبہ بندی کے ساتھ کام ہو تو ہم دنیا کو کھلا سکتے ہیں اور دنیا ہمارے پیچھے چلنے والی ہو سکتی ہے۔

اس سوال کے جواب میں کہ امریکہ اور یورپ میں سبسڈیز بہت دیتے ہیں لیکن یہاں ایسا نہیں ہوتا۔ حضور انور نے فرمایا کہ اصل سوال یہ ہے کہ ہم اپنے ہاتھ ان کے آگے پھیلا رہے ہیں۔ پہلے ہماری زمینوں پر ان کا قبضہ تھا وہ ان زمینوں سے لے کر کھا رہے تھے۔ اب تو زمینیں ہمارے پاس ہیں۔ سب کچھ ہمارے پاس ہے۔ ہمارے پاس زراعت کے ماہرین ہیں۔ سائنٹسٹ ہیں اور زراعت کے شعبہ کے ایکسپرٹ ہیں۔ صرف کوشش کی ضرورت ہے گراس روٹ لیول سے بھرپور کوشش کی ضرورت ہے جو نہیں ہو رہی اور کسانوں کی مدد نہیں ہو رہی۔ حضور انور نے فرمایا کہ ملکوں کی دشمنیوں کی وجہ سے ہمارے اخراجات بڑھ گئے ہیں۔ جس کی وجہ سے ترقیاتی کاموں پر خرچ نہیں کر سکتے۔

حضور انور نے فرمایا جب ہم دوسروں سے مدد مانگتے ہیں تو پھر وہ ہم کو Dictate کرواتے ہیں۔

